مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

حضرت فضیل بن عیاضؒ

مصنف: مولانا عبدالرحمان عاجز مالیر کوٹلویؒ

صفحات: 528

مجلد ریگزین قیمت: 150 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: رحمانیہ دار الکتب زیر جامع مسجد اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد

حضرت فضیل بن عیاضؒ اپنے دور کے بہت بڑے صوفی، عابد و زاہد، متقی پرہیزگار اور باعمل انسان تھے۔ زہد وورع، نیکی و دینداری اور خوف خدا میں مثالی تھے جوانی میں وہ ایک ڈاکو مشہور تھے اور ڈاکہ زنی لوٹ ماران کا پسند مشغلہ تھا۔ پھر ایک واقعہ ایسا ہوا کہ اس سے متاثر ہو کر وہ صدق دل سے تائب ہو کر اللہ رب العزت کے مطیع و فرمانبردار بن گئے ڈاکہ زنی سے توبہ کر لی اور مکہ مکرمہ میں سکونت پذیر ہو گئے اور مکہ ہی میں ۱۸۷ھ میں وفات پائی۔ ان کے حالات و واقعات بڑے دلچسپ اور فکر انگیز ہیں۔ پیش نگاہ کتاب جماعت کے معروف شاعر و مصنف مولانا عبدالرحمان عاجز مالیر کوٹلویؒ کی تحقیقی کاوش ہے۔ اس میں لائق مصنف نے حضرت فضیل بن عیاضؒ کی زندگی کے مختلف گوشوں کو خوبصورتی سے اجاگر کیا ہے۔ اور صحیح معنوں میں حق ادا کر دیا ہے حضرت فضیل بن عباسؒ کے ابتدائی حالات، ان کے مشاغل، اساتذہ، شاگردوں اور انکے دینی کارناموں کو تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے اس ضمن میں عاجز مرحوم نے ''تاریخ دمشق'' غیر مطبوع سے جو مواد حضرت فضیل بن عباسؒ کے متعلق مل سکا اس سے بھی اردو ترجمہ کر کے کتاب کی زینت بنا دیا ہے اور حضرت فضیل بن عباسؒ سے مروی احادیث کو مع تخریج کتا میں درج کیا ہے اور ساتھ ہی ان کے اقوال بھی دے دیئے ہیں۔ بہر حال یہ کتاب حضرت فضیل بن عباسؒ کے حالات میں اردو زبان و ادب میں قابل قدر اضافہ ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ قارئین کے لئے دلچسپی کا باعث بنے گا۔ کتاب کی طباعت عمدہ جلد بندی اور قیمت مناسب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مولانا ابو الکلام آزاد بحثییت صحافی و مفسر

تالیف: ملک عبدالرشید عراقی

صفحات: ۱۳۸ مجلد ڈسٹ کور

قیمت: 75 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

مولانا ابو الکلام آزاد کو اس خطہ ارض میں علمی اور سیاسی اعتبار سے جو شہرت دوام حاصل ہوئی وہ انہی کا خاصہ تھا۔ وہ عظیم المرتبت صحافی، مصنف، متکلم، نقاد، سیاست دان، خطیب اور مفسر قرآن تھے۔ ان کا مطالعہ وسیع علم پختہ اور فکر بلند تھی۔ انہوں نے تحریک آزادی کی ہنگامہ خیزیوں میں بھرپور شرکت کے باوجود تصنیف و تالیف اور قرآن مجید کا ترجمہ و تفسیر لکھ کر بے پناہ خدمت سرانجام دی۔ زیر تبصرہ کتاب میں مولانا ابو الکلام آزادؒ کی صحافت اور تفسیر کی خدمات کو موضوع سخن بنا کر داد تحقیق دی گئی ہے کتاب کے مولف ملک عبدالرشید عراقی، معروف اور کثیر التصانیف مصنف ہیں۔ انہوں نے اپنی اس کتاب میں تفصیل کے ساتھ مولانا ابو الکلام آزادؒ کی صحافت پر روشنی ڈالی ہے اور ان رسائل و جرائد کا تعارف پیش کیا ہے جن سے مولانا ابو الکلام آزادؒ منسلک رہے اور جن رسائل کے ایڈیٹر رہے یہ معلومات کتاب کے ۸۵ صفحات پر محیط ہے۔ اس سے آگے مولانا ابو الکلام آزادؒ کی تفسیری خدمات کو وضاحت سے بیان کیا گیا ہے اور ان کی تفسیر ترجمان القرآن کے تعارف اور انداز تفسیر پر گفتگو کی گئی ہے۔ اس ضمن میں مولانا کی تفسیری نکتہ سنجیوں کے نمونے بھی پیش کئے گئے ہیں بہر حال

(باقی صفحہ ۱۰ پر)